[signature] 14/1/25

C.O

AD(Pub)

DAILY DUNYA LAHORE www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا لاہور

جلد نمبر 35 | منگل، 13 رجب المرجب 1446، 14 جنوری 2025ء 2 ماگھ 2081ب | شمارہ 77

# سوشل ویلفیئر آفیسر کا جعلی دستخط سے 26 لاکھ بٹورنے کا انکشاف

## افسر گنگارام آؤٹ ڈور پرچی پر جعلی دستخط، جعلی مہر لگاتی رہی، مراسلے میں انکشاف

### سمانیہ کنٹریکٹ ملازم، سوشل ویلفیئر کے کئی افسر ایسی جعلسازی میں ملوث: اے ایم ایس

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) گنگارام ہسپتال کی سوشل ویلفیئر آفیسر کا جعلی دستخط کے ذریعے لاکھوں روپے بٹورنے کا انکشاف ہوا ہے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کے مراسلے نے لاکھوں کی جعلسازی کا بھانڈہ پھوڑ دیا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر کے مراسلے میں بتایا گیا ہے کہ سوشل ویلفیئر آفیسر سمانیہ اختر 2 سال سے بیت المال کی رقم بٹورتی رہیں، سمانیہ اختر آؤٹ ڈور پرچی پر جعلی دستخط اور جعلی سٹیمپ لگاتی رہیں جن مریضوں کے نام سے ادویات خریدی گئیں، مریضوں کو ان کی ضرورت نہ تھی۔ مراسلے میں انکشاف کیا گیا ہے کہ آؤٹ ڈور پرچی پر 26 مریضوں کے نام پر ادویات لکھ کر خریدی گئی ہیں جب کہ آؤٹ ڈور پرچیوں پر ڈاکٹر سیف الرحمان کے دستخط بھی موجود ہیں۔ دوسری جانب ڈاکٹر سیف الرحمان کا کہنا ہے کہ ان کے جعلی دستخط کیے گئے اور مہر بھی جعلی لگائی گئی۔ مراسلے کے مطابق ادویات کی مد میں 26 لاکھ 66 ہزار 850 روپے نکلوائے گئے لہٰذا ایم ایس 2 سال میں نکلوائی گئی رقم کی تحقیقات کرائیں۔ اے ایم ایس گنگارام ڈاکٹر عارف کا کہنا ہے کہ سمانیہ اختر کنٹریکٹ پر ملازم ہے اور سوشل ویلفیئر کے کئی افسر اس طرح کی جعلسازی میں ملوث ہیں۔

CamScanner

Imran 14/1/25

C.O

AD(Pub)

لاہور • اسلام آباد • کراچی سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

786/92

The Daily 92 News

روزنامہ 92 نیوز لاہور

ایڈیٹر انچیف محمد حیدر امین

قیمت 30 روپے

جلد 9 | منگل 13 رجب المرجب 1446ھ 14 جنوری 2025ء 2 ماگھ 2081ب | شمارہ 350

# وزیر سوشل ویلفیئر کا دورہ نارووال، ناقص کارکردگی پر ڈپٹی ڈائریکٹر معطل

## عوامی فلاحی اداروں میں غفلت اور لاپروائی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی، سہیل شوکت

## سائلین، مستحق افراد کو بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر

لاہور (اپنے سٹاف رپورٹر سے) صوبائی وزیر برائے سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب، سہیل شوکت بٹ نے ضلع نارووال میں محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے مختلف اداروں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران اداروں میں ناقص انتظامات، ادویات کی کمی، صفائی کے غیر تسلی بخش حالات اور رہائشیوں کے لیے کھانے کی قلت جیسے سنگین مسائل کا انکشاف ہوا۔ صوبائی وزیر نے ناقص کارکردگی اور غفلت پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر (باقی صفحہ 5 نمبر 33)

بقیہ | معطل | 33

نارووال محمد غالب کو فوری طور پر معطل کرنے کے احکامات جاری کیے۔ سہیل شوکت بٹ نے واضح کیا کہ عوامی فلاحی اداروں میں غفلت اور لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور ذمہ داران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو فوری اصلاحی اقدامات کرنے اور اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی ہدایت دی۔ صوبائی وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ سائلین اور مستحق افراد کو بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔

CamScanner

14/1/25

C.O

AD(Pub)


لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

جلد 14 | منگل 13 رجب المرجب 1446ھ 14 جنوری 2025ء 2 ماگھ 2081ب | صفحات 8 | قیمت 30 روپے | شمارہ 98

www.naibaat.pk e-mail: nb@naibaat.com




نارووال: وفاقی وزیر احسن اقبال ''امید نو پروگرام'' کے تحت بچوں کو گرم ملبوسات دے رہے ہیں

14/1/25

C.O

AD (Pub)

DAILY
NAWA-I-WAQT
LAHORE

روزنامہ
نوائے وقت
لاہور

بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی

لاہور، کراچی، راولپنڈی/ اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

جلد | منگل، 13 رجب المرجب 1446ھ، 14 جنوری 2025ء، 28 پوہ 2081 ب | صفحات | رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل | شمارہ

# وزیر سوشل ویلفیئر پنجاب کا دورہ نارروال، ناقص کارکردگی پر ڈپٹی ڈائریکٹر معطل

## فلاحی اداروں ادویات کی قلت، ناقص انتظامات پر اظہار برہمی، غفلت برداشت نہیں: سہیل شوکت بٹ

لاہور (لیڈی رپورٹر) صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر پنجاب سہیل شوکت بٹ نے ضلع نارووال میں محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کے مختلف اداروں کا اچانک دورہ کیا۔ ناقص انتظامات، ادویات کی کمی، صفائی کے غیر تسلی بخش حالات اور رہائشیوں کیلئے کھانے کی قلت جیسے سنگین مسائل پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی ڈائریکٹر نارووال محمد غالب کو فوری طور پر معطل کرنے کے احکامات جاری کیے۔ سہیل شوکت بٹ نے واضح کیا کہ عوامی فلاحی اداروں میں غفلت اور لاپرواہی ہرگز برداشت نہیں کی جائیگی اور ذمہ داران کیخلاف سخت کارروائی ہوگی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو فوری اصلاحی اقدامات اور اداروں کی کارکردگی کو بہتر بنانے کی ہدایت دی۔ صوبائی وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ سائلین اور مستحق افراد کو بہتر سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔

CamScanner

Imran
14/1/25

C.O

AD(Pub)

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

# مشرق

لاہور

چیف ایگزیکٹو حاجی شوکت علی کاکڑ

چیف ایڈیٹر عبدُالباقی کاکڑ

جلد:14 | منگل 13 رجب المرجب 1446ھ 14 جنوری 2025ء 2 ماگھ 2081ب صفحات: 10 قیمت 30 روپے | شمارہ: 301

## ویکس نمائش نیٹ: صنعت زار سٹالز عوام کی توجہ کا مرکز

### سکندر ذیشان نے بہترین انتظامات پر محکمہ سوشل ویلفیئر کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا

لاہور (کامرس رپورٹر) 3 روزہ نمائش ویکس نیٹ میں محکمہ سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب کے صنعت زار سٹالز عوام کی توجہ کا مرکز بنے رہے، صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، سوشیالوجی اور سوشل ورک کے ماہرین تعلیم، ڈویژنل ڈائریکٹرز سوشل ویلفیئر، سرکاری و نجی اداروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد نے صنعت زار سٹالز کا دورہ کیا اور خواتین انٹر پرینیورز کے کام اور مصنوعات کی پذیرائی کی، تمام ڈویژنز سے صنعت زاروں اور قصر بہبود نے نمائش میں حصہ لیا، خواتین کی تیار کردہ ہینڈی کرافٹس، جیولری، ملبوسات، گھریلو سجاوٹ کی اشیاء، پینٹنگز سمیت مختلف مصنوعات پیش کیں، ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال پنجاب سکندر ذیشان نے ویکس نیٹ نمائش میں کامیاب شرکت اور بہترین انتظامات پر محکمہ سوشل ویلفیئر کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہا۔

CamScanner